NHS

Screening Programmes

Sickle Cell and Thalassaemia

حقائق جانیں: سکل سیل اور سکریننگ

سکل سیل کی بیماری کیا ہے؟



سکل سیل خون کی ایک شدید بیماری ہے۔ یہ بیماری والدین سے بچوں کو وراثت میں منتقل ہوتی ہے۔ اس میں خون کی جسم کے مختلف حصوں کو آکسیجن پہنچانے کی صلاحیت پر اثر پڑتا ہے۔ سکل سیل کی بیماری والے افراد میں خون کے سرخ خلیے بعض اوقات سخت ہو جاتے ہیں اور وریدوں سے گزرتے ہوئے وہاں جم جاتے ہیں۔ اسی لیے سکل سیل کی بیماری والے لوگوں کو بہت زیادہ درد ہو سکتا ہے اور بعض اوقات انہیں درد سے افاقے کے لیے دواؤں کی ضرورت پڑتی ہے۔ انہیں زندگی بھر دواؤں کی ضرورت بھی ہو گی تاکہ وہ اپنے آپ کو انفیکشن سے بچا سکیں۔

لوگوں میں سکل سیل کی بیماری کیسے پیدا ہوتی ہے؟

آپ کو سکل سیل کی بیماری اُس طرح نہیں لگ سکتی جیسے آپ کو دوسروں سے زکام لگ جاتا ہے۔ یہ بیماری آپ کو اپنے والدین سے جین کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔

سکل سیل کی بیماری لوگوں میں صرف اُسی صورت میں پیدا ہوتی ہے جب انہیں دو غیرمعمولی جین ملیں – ایک اپنے والد کی طرف سے اور دوسرا اپنی والدہ کی طرف سے۔

جین ایسے کوڈ ہوتے ہیں جو آپ کے جسم کو کنٹرول کرتے ہیں۔ مثلاً آپ کے جین آپ کی آنکھوں کے رنگ، آپ کے قد، حتیٰ کہ آپ کی خوبصورت مسکراہٹ کو کنٹرول کرتے ہیں!

آشا اور بینجمن دونوں صحت مند ہیں۔ ان میں سے کسی میں بھی سکل سیل کی بیماری نہیں پائی جاتی ۔ لیکن چونکہ ان دونوں میں ایک غیر معمولی جین پایا جاتا ہے اس لیے ان کی بچی روز میں یہ بیماری موجود ہے۔

ہم آشا اور بینجمن کو ‘‘ کیرئیرز’’ یعنی جین کا حامل کہتے ہیں۔ بعض اوقات اس کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کسی فرد میں یہ ‘‘ٹریٹ’’ یا خاصیت پائی جاتی ہے۔ جین کے حامل افراد خود تندرست ہوتے ہیں لیکن وہ غیر معمولی جین اپنے بچوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔ ہر دفعہ آشا اور بینجمن کے ہاں بچہ پیدا ہوتے وقت 4 میں سے 1 دفعہ یہ بات ممکن ہے کہ اُن کے بچے میں سکل سیل کی بیماری موجود ہو گی(25 فیصد امکان)۔ ان کے آئندہ پیدا ہونے والے بچے کو سکل سیل کی بیماری ہو سکتی ہے یا وہ جین کا حامل ہو سکتا ہے یا اس میں سکل سیل کی بیماری بالکل موجود نہیں ہو گی۔

نیچے دی گئی شکل یہ ظاہر کرتی ہے کہ ان دونوں سے یہ بیماری روز کو کیسے منتقل ہوئی ہے۔



میں ٹیسٹ کیسے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

سکل سیل کا ٹیسٹ یہ معلوم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ آیا آپ "کیرئیر" یعنی جین کے حامل ہیں یا نہیں – کیا آپ میں ایک غیر معمولی جین پایا جاتا ہے۔ اگر آپ کیرئیر یعنی جین کے حامل ہیں تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ بچے کی پیدائش پر آپ غیر معمولی جین اُسے منتقل کر دیں۔ چونکہ جین کے حامل افراد عام طور پر تندرست ہوتے ہیں اس لیے یہ بات صرف ٹیسٹ کروانے کے بعد ہی معلوم ہو سکتی ہے کہ آیا آپ اس جین کے حامل ہیں یا نہیں۔

یہ خون کا ایک سادہ سا ٹیسٹ ہے جس میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ اس کے لیے آپ اپنے فیملی ڈاکٹر(جی پی) یا اپنے مقامی سکل سیل سینٹر سے کہہ سکتے ہیں۔

انگلینڈ میں تمام حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کا سکل سیل ٹیسٹ چیش کیا جاتا ہے۔ لیکن بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا بہتر ہو گا کہ آیا آپ کیرئیر یعنی جین کی حامل ہیں یا نہیں۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو آپ کو یہ ٹیسٹ 10 ہفتوں سے پہلے کروا لینا چاہیے۔

کیا آپ کو معلوم ہے؟

- دنیا بھر میں سکل سیل کی بیماری موروثی بیماریوں کی عام ترین بیماریوں میں سے ایک بیماری ہے۔
- نگلینڈ میں تقریباً 240,000 افراد سکل سیل جین کے"حامل" ہیں۔
- آپ اپنی زندگی کے کسی بھی مرحلے پر اپنا ٹیسٹ کرو اسکتے ہیں۔ بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے ٹیسٹ کے بارے میں معلوم کرنا آپ کے لیے بہتر ہو گا۔

مزید معلومات کے لیے اپنے جی پی مشورہ کریں یا یہ ویب سائٹ ملاحضہ کریں:www.sickleandthal.org

آپ سکل سیل کے لیے ٹیسٹ کروانے اور اس بیماری کے ساتھ زندگی گزارنے کے بارے میں ایک خاندان کے تجربات کے بارے میں اس ویب سائٹ پر ایک فلم بھی دیکھ سکتے ہیں: www.familylegacy.org.uk